پریس ریلیز

نوجوان نسل کو کرپشن کے خاتمے کے لئے میدان عمل میں اترنا ہوگا: پروفیسر الفرید ظفر

مالی بدعنوانی، اقربا پروری ورشوت کسی بھی معاشرے کے رستے ہوئے ناسور ہیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

بدعنوانی کے خاتمے اور اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے آگاہی مہم اہم ستون ہے: ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محمد ساجد

لاہور3 اکتوبر: ...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ مالی بد عنوانی، کرپشن، اقربا پروری اور رشوت ستانی کسی بھی معاشرے کے رستے ہوئے ناسور ہیں جن کو دور کیے بغیر معاشی و معاشرتی ترقی ناممکن ہے لہذا نوجوان نسل کو معاشرے سے مذکورہ خرابیوں /خامیوں کے خلاف جہاد کے لئے میدان عمل میں اترنا ہوگا تا کہ ایک شفاف اور میرٹ کے اصولوں پر مبنی نظام قائم کر کے وطن عزیز کو معاشی لحاظ سے مستحکم ملک بنانے کے علاوہ قومی معیشت کو درپیش مختلف چیلنجز سے احسن طریقے سے بھی نمٹا جا سکے۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے قومی ادارہ برائے احتساب (نیب) کے اشتراک سے لاہور جنرل ہسپتال میں کرپشن کے خاتمے سے آگاہی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں پروفیسر صاحبان، ڈاکٹرز، نرسز، میڈیکل سٹوڈنٹس، نرسنگ طالبات، اور ہیلتھ پروفیشنلز کثیر تعداد میں موجود تھے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محمد ساجد نے سیمینار کے شرکاء کو احتسابی نظام اور قوانین کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بدعنوانی کے خاتمے اور اس معاشرتی ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے نیب کی آگاہی وٹریننگ مہم اہم ستون ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام لوگوں کو اپنی ذمہ داریاں دیانتداری وایمانداری سے ادا کرنی چاہیے کیونکہ یہ ہمارا قومی فریضہ اور دینی ذمہ داری ہے۔

پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج کا مزید کہنا تھا کہ مالی شعبے کے علاوہ ہمیں اپنی پیشہ وارانہ زندگی میں بھی دیانتداری سے کام لینا چاہیے کیونکہ اپنے فرائض سے احسن طریقے سے ادائیگی بھی ہمارے ایمان کا حصہ ہے، خصوصاً بطور ایک معالج اگر ہم پوری پیشہ وارانہ لگن اور دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت مریضوں کا علاج معالجہ کرتے ہیں تو ہمارے دفتری اوقات بھی ایک عظیم عبادت بن جاتے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ملک سے کرپشن کے خاتمے کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا اور سرکاری شعبے میں ہی نہیں بلکہ پرائیویٹ سیکٹرز اور نجی لین دین میں بھی ہمیں ایمانداری اور دیانتداری کا حصول اپنانا ہوگا۔انہوں نے تجویز کیا کہ اگر متعلقہ ادارے مالی ادائیگی اور لین دین کے روائتی نظام کو ڈیجیٹل سسٹم میں تبدیل کر دیں تو تمام مالی معاملات کو شفاف بنانے میں مدد ملے گی اور کرپشن کا خاتمہ ہوگا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ملک سے کرپشن کے خاتمے کے لئے نیب کی کارکردگی وخدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اس جدوجہد میں اپنے قومی اداروں کا ساتھ دینا چاہیے تا کہ پاکستان کی معیشت مضبوط بنیادوں پر استوار ہو سکے اور ہمیں مالی امداد کے لئے دنیا کی طرف نہ دیکھنا پڑے جس سے ہمارے قومی وقار میں اضافہ ہوگا۔ سیمینار کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن بھی ہوا اور سربراہ جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محمد ساجد کو شیلڈ پیش کی اور آئندہ بھی ایسی مثبت سرگرمیوں کے انعقاد کا عندیہ دیا۔

☆☆☆☆

جنزل ہسپتال میں نیب کے اشتراک سے کرپشن کے خاتمے پر منعقدہ آگاہی سیمینار کے شرکاء سے
پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر اور ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محمد ساجد خطاب کر رہے ہیں

پرنسپل امیر الدین میڈیکل پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال میں منعقدہ کرپشن کے خاتمے بارے آگاہی سیمینار میں
شریک ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محمد ساجد کو شیلڈ دیتے ہوئے